اسلامیات

جماعت دوم

فہرست

باب اوّل

حفظ و ناظرہ

۱۔	تیسرا کلمہ تمجید	۵
۲۔	چہارم کلمہ توحید	۶
۳۔	قرآنی سورتیں	
	(سورۃ العصر)	۷
	(سورۃ الفلق)	۸
	(سورۃ الناس)	۹
۴۔	پیاری دعائیں	۱۰

باب دوم

ایمانیات و عبادات

۵۔	اللہ تعالیٰ	۱۳
۶۔	پیارا مذہب اسلام	۱۶
۷۔	وضو	۱۹
۸۔	نماز	۲۱
۹۔	قرآن مجید	۲۴

باب سوم

تاریخِ اسلام

۱۰۔	حضرت نوحؑ	۲۸
۱۱۔	ہمارے پیارے نبی ﷺ کا بچپن	۳۲
۱۲۔	حضرت ابراہیمؑ	۳۵

باب چہارم

آداب و اخلاق

۱۳۔	اساتذہ کا احترام	۴۰
۱۴۔	سچ بولنا	۴۳
۱۵۔	رشتہ داروں سے حسنِ سلوک	۴۵
۱۶۔	کلماتِ خیر	۴۷

چہارم کلمہ توحید
(توحید کے معنی اکیلا)

چہارم کلمہ توحید

چوتھا ''کلمۂ توحید'' کہلاتا ہے اور توحید کے معنی ''اکیلا'' کے ہیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط
ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ط

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے تمام تعریف ہے۔ وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے گا اُسے کبھی موت نہیں آئے گی۔ وہ عظمت اور بزرگی والا ہے۔ بہتری اُسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: بچوں کو چوتھا کلمہ درست تلفظ اور ترجمہ کے ساتھ پڑھائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

چہارم کلمہ توحید

پیاری دعائیں

۱۔ سونے سے پہلے یہ دعا پڑھنا چاہیے

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى

ترجمہ: اے اللہ تیرے نام سے سوتا/سوتی ہوں اور تیرے ہی نام سے جاگتا/جاگتی ہوں۔

۲۔ جب سو کر اٹھیں تو یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں مرنے کے بعد زندہ کیا
اور ہم کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۳۔ جب گھر سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے، میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔ گناہوں سے بچنے
اور عبادت کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

پیارا دین اسلام

پیارے بچو! الحمدللہ ہم مسلمان ہیں اور ہمارا دین اسلام ہے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ادا کرنا چاہیے کہ اُس نے ہمیں مسلمان پیدا کیا اور دینِ اسلام جیسی پیاری نعمت ہمیں عطا کی۔

پیارا مذہب اسلام ہی ہے جو ہمیں نیک اور اچھے کام کرنے کا حکم دیتا ہے اور ہر برے کام سے باز رکھتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کے ذریعے یہ پیارا دین ہمیں پہنچایا اور ہمیں اس کی حفاظت کرنی ہے۔ اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ:

- ہمیں صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا چاہیے۔
- ہمیشہ سچ بولیں۔
- اللہ تعالیٰ کا حکم مانیں۔
- اپنے استادوں اور بزرگوں کا احترام کریں۔
- ماں باپ کی خدمت کریں۔
- پڑوسیوں کا خیال رکھیں۔
- اللہ تعالیٰ اور پیارے نبی ﷺ کی فرمانبرداری کریں۔

پیارا دین اسلام

اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ان پانچ چیزوں کو ارکانِ اسلام کہتے ہیں۔

۱ کلمۂ طیبہ: اللہ تعالیٰ کی وحدانیت (ایک ہونے) اور حضرت محمد ﷺ کے آخری نبی ہونے پر یقین رکھنا۔

۲ نماز: روزانہ پانچ وقت کی نماز پڑھنا۔

۳ روزہ: ماہِ رمضان میں روزے رکھنا جس سے ہم میں تقویٰ پیدا ہو۔

۴ زکوٰۃ: اللہ کے دیے ہوئے مال میں سے ہر سال ایک حصہ غریب اور ضرورت مندوں میں تقسیم کرنا۔

۵ حج: ذوالحجہ کے مہینے میں مکہ مکرمہ جا کر پیارے نبی ﷺ کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق عبادت کرنا۔ یہ ہر مالدار مرد اور عورت پر فرض ہے۔

پیارا دین اسلام

بچوں آپ نے دیکھا اسلام ہمیں کتنی اچھی اچھی باتیں بتاتا ہے۔لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے والدین اور اساتذہ سے اسلام کے بارے میں پیاری پیاری باتیں سیکھیں تاکہ ہم ایک اچھے انسان بن سکیں۔

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: اسلام کی مزید تعلیمات بچوں کو آسان الفاظ میں سمجھائیں۔ مثلاً: بڑوں کا ادب، لوگوں سے میل جول، والدین کی خدمت، ضرورت مندوں کے بارے میں اسلام ہمیں کیا سکھاتا ہے۔

ورک شیٹ نمبر : ۲

(الف) سوال و جواب

سوال نمبر ۱ : پیارے مذہب اسلام کے پانچ ارکان کے نام لکھیے۔

جواب : ______________________________

سوال نمبر ۲ : اسلام ہمیں کس کی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہے؟

جواب : ______________________________

سوال نمبر ۳ : اسلام ہمیں پڑوسیوں کے حقوق کے بارے میں کیا سکھاتا ہے؟

جواب : ______________________________

(ب) اسلام کے پانچ ارکان اِن کے صحیح مفہوم سے ملائیں۔

کلمہ طیبہ	تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کرنا۔
نماز	اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرنا۔
روزہ	پانچ وقت کی عبادت کرنا۔
زکوٰۃ	مکہ مکرمہ جا کر عبادت کرنا۔
حج	ضرورت مندوں کی مدد کرنا۔